# شـــــرائـــــط نیـــــلام

## کنٹریکٹ میونسپل سروسز فیس مالم جبہ برائے سال

## 01 جولائی 2026 تا 30 جون 2027

1: **میعاد ٹھیکہ**: از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027

2: نیلام میں ہر وہ شخص حصہ لے سکتا ہے جو لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کے ساتھ متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ ہو اور زرضمانت بصورت بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارباغ، سوات جمع کیے ہوں۔ کسی بھی لوکل کونسل / ٹی ایم اے چارباغ کا بقایادار یا اسکا شراکت دار یا نمائندہ بولی میں حصہ لینے کا حقدار نہیں ہو گا۔ بدوران ٹھیکہ اگر یہ تصدیق ہو جائے کہ ٹھیکہ دار کسی بھی لوکل کونسل کا بلیک لسٹ، بقایادار یا بقایادار کا نمائندہ رہ چکا ہوں تو ٹھیکہ مذکورہ ٹھیکیدار کی Risk & Cost پر منسوخ کیا جائے گا

3: کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا چارج مقررہ تاریخ پر حوالہ کیا جائیگا۔ ٹھیکدار ٹھیکہ کی منظوری تک دی گئی بولی / پیشکش کے مطابق روزانہ کی حساب سے رقم ٹی ایم اے چارباغ سوات کے اکاونٹ میں جمع کریگا جو کہ بعد ٹھیکہ کے اقسام میں ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

4: کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہو گا کہ اگلے تین (3) یوم کے اندر اندر 5٪ فیصد زرضمانت جمع کرے گا جو کہ ٹھیکہ کے اختتام پر بقایادار نہ ہونے کی صورت میں واپس کیا جائے گا۔ نیلامی کی اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو عارضی ایوارڈیافتہ سمجھا جائے گا۔ اور سات دن میں کارروائی مکمل کر کے معاہدہ عمل میں لایا جائیگا

5: کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہو گا کہ اگلے تین (3) یوم کے اندر اندر کل زرنیلام کا 15٪ فیصد ایڈوانس زرپیشگی جمع کرے گا جبکہ ٹھیکہ کی کل رقم گیارہ (11) برابر اقساط میں جمع کریں گا زرپیشگی ٹھیکہ کے خاتے پر Adjust کیا جائے گا۔

6: کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے (07) سات یوم کے اندر اندر اپنے خرچے پر ٹی ایم اے چارباغ سوات کے ساتھ اقرارنامہ (Agreement) تحریر کرے گا۔ یہ کہ ٹھیکہ دار ٹھیکہ کے برابر رقم کے جائیداد رکھنے والے دو (2) عدد معزز افراد کی تحریری گارنٹی پیش کرے گا جو مجسٹریٹ فرسٹ کلاس سے تصدیق شدہ ہو۔ اگر ٹھیکدار نے سات یوم کے اندر اندر ٹی ایم اے چارباغ سوات کے ساتھ معاہدہ نامہ (Agreement) تحریر نہ کیا یا زرضمانت، زرپیشگی جمع نہ کی تو ٹھیکہ مذکورہ منسوخ تصور ہو گا اور کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے چارباغ ضبط کر کے پالیسی کی شق نمبر 11 کی تحت دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے کو سب سے زیادہ موصول شدہ بولی کی حساب سے پیشکش کیا جائیگا۔

7: کامیاب بولی دہندہ ٪10 انکم ٹیکس ماہانہ اقساط میں جمع کرے گا اگر وفاقی یا صوبائی حکومت کی طرف سے انکم ٹیکس یا دیگر ٹیکس کے بارے میں جو احکامات وقتاً فوقتاً ہوئے ہوئے یا ہوں گے تو ٹھیکدار ان کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

8: ٹھیکدار ماہانہ قسط بمعہ انکم ٹیکس ہر مہینے کی 5 تاریخ تک ماہانہ قسط ادا نہیں کی تو 10 تاریخ تک دو (2) فیصد یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرے گا۔ بینک ڈرافٹ کی صورت میں 2 دن کی رعایت دی جائے گی۔ جبکہ ماہانہ اقساط میں چیک کی وصولی ناقابل قبول ہو گی۔ اگر مہینے کی 15 تاریخ تک ٹھیکہ دار نے قسط بمعہ جرمانہ ادا نہیں کیا تو ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ ٹھیکہ دار کے ٪5 فیصد زرپیشگی بحق ٹی ایم اے چارباغ ضبط کی جائیگی اور ٹھیکہ میں کوئی نقصان ہوا تو ٹھیکہ دار کے ذاتِ و جائیداد سے وصول کیا جائے گا جس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہو گا اور نہ ہی عدالت سے رجوع کریں گا۔

9: ٹھیکہ دار ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام (assign or transfer, sublet) منتقل نہیں کریں گا۔ ایسا کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکہ دار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلامی کے لئے پیش کیا جائے گا۔

10: مذکورہ ٹیکس ترمیم و تنسیخ کا اختیارات تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے چارباغ سوات یا حکومت خیبر پختون خواہ کو حاصل ہو گا۔ اسی صورت میں تجدیدی منظوری کے اختیار تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے چارباغ کو ہو گا۔ اس پر ٹھیکدار کا کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔ اور نہ ہی عدالت میں چیلنج کرنیکا مجاز ہو گا۔
اسی طرح اگر دوران ٹھیکہ صوبائی حکومت نے شرح شیڈول میں کسی قسم کا اضافہ کیا تو اس صورت میں زیادہ آمدن ٹی ایم اے چارباغ سوات کو ہو گی۔ جس سے ٹھیکدار کا کوئی رکاوٹ نہیں ہو گا۔

11: ٹھیکدار کو میونسپل سروسز فیس ملم جبہ کے لیے رسید بک قیمتاً ٹی ایم اے چارباغ کی طرف سے مہیا کیا جائیگا۔ رسید بک ٹی ایم اے چارباغ سوات کے نام جاری ہو گا۔ ٹھیکدار اپنی طرف سے کوئی بھی رسید چھپوا کر جاری نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی ان کا کوئی نمائندہ رسید جاری کرنے کا مجاز ہو گا۔ ختم شدہ رسید بک واپس ٹی ایم اے چارباغ سوات میں جمع کریگا کم از کم ایک سال کا ریکارڈ ٹی ایم اے چارباغ میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔

12: رسید بک کاٹ کرتے وقت کاربن کا استعمال کرنا ہو گا۔ اور کاربن کاپی محفوظ کیا جائے گا۔ اصل پرت ٹیکس ادا کنندہ کو دیا جائے گا۔ رسید چاک کرتے وقت ذیل عبارت تحریر کرنا ہو گی۔

(1) گاڑی نمبر———— (2) رقم ہندسوں میں اور لفظوں میں (3) دستخط

13: اگر ٹھیکدار نے شرائط نیلام کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کی تو ان کی ذمہ داری پر ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

14: حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات جاری ہونے یا جاری ہونگے تو دونوں فریق انکے پابند اور ذمہ دار ہوں گے۔

15: اگر دوران ٹھیکدار ٹی ایم اے چارباغ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے تو معاملہ ثالثی ایکٹ 1940 کے تحت ریجنل میونسپل آفیسر ملاکنڈ ڈویژن کو پیش کیا جائے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہو گا دونوں فریق ان کے پابند ہوں گے۔ بدوران تنازعہ اقساط کی ادائیگی بروقت کی جائیگی اسطرح اگر بدوران ٹھیکہ ٹھیکدار اور عوام الناس کے درمیان کوئی مسلہ پیش آیا تو وہ بھی ریجنل میونسپل آفیسر ملاکنڈ ڈویژن کو پیش کیا جائے گا اور وہ اس پر فیصلہ کرے گا ٹھیکہ دار عدالت سے رجوع نہیں کرے گا۔

16: ٹھیکہ دار ٹھیکہ کا چارج لینے کے بعد قانونی طور پر وصولی کا خود ذمہ دار ہو گا۔ اگر ٹھیکہ دار کسی فرم یا ادارے سے وصول کرنے میں ناکام رہا تو ٹی ایم اے چارباغ یا حکومت ان پر ہرگز ذمہ وار نہیں ہو گا اور ان کے ساتھ گفت وشنید کی جائیگی اور کسی بھی ناگہانی آفت وغیرہ کی وجہ سے اگر ٹھیکدار کو نقصان ہوا تو وہ کسی قسم کی معافی (Remmission) ٹی ایم اے چارباغ سے لینے کا حقدار نہیں ہو گا۔

17: فیس وصولی کرنے کی جگہ پر عارضی کی تعمیر اور بورڈ تنصیب ٹھیکدار کی ذمہ داری پر ہے۔

18: ملم جبہ میونسپل سروسز فیس سے تحصیل چارباغ سوات کے عوام مستثنی ہیں۔

19: میونسپل سروسز فیس فی گاڑی وصولی شرح:

| نمبر شمار | گاڑی کا نام | میونسپل سروسز فیس ملم جبہ |
|---|---|---|
| 1 | موٹر سائیکل | 30روپے |
| 2 | موٹر کار وغیرہ | 100روپے |
| 3 | فلائنگ کوچ وغیرہ | 150روپے |
| 4 | مسافر کوسٹر | 300روپے |

-Sd-
تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے چارباغ سوات

-Sd-
تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
ٹی ایم اے چارباغ سوات